Pakistan (PK)
Urdu (ur)

ہم اس ایپلی کیشن کا استعمال کرنے والے تمام لوگوں کی رازداری کا احترام کرتے ہیں۔ براہ کرم ہماری رازداری پالیسی (Privacy Policy) کو دھیان سے پڑھیں تاکہ آپ سمجھ سکیں کہ ہم آپ کے ذریعہ فراہم کردہ ذاتی معلومات کو کس طرح جمع اور استعمال کرتے ہیں۔ اس ایپلی کیشن کو ڈاؤن لوڈ کرنے کے بعد, آپ کے ساتھ اس طرح معاملہ کیا جائے گا گویا آپ نے ان معلومات کے استعمال کی اجازت دے دی ہے جن کی صراحت اس پالیسی میں کی گئی ہے۔

یہ رازداری پالیسی کن چیزوں کا احاطہ کرتی ہے؟

یہ رازداری پالیسی ہمارے ذریعہ آپ کی ذاتی معلومات, نیز کچھ غیر ذاتی معلومات کے استعمال کا احاطہ کرتی ہے, جو کہ اس ایپلی کیشن کے توسط سے یا اس کے تعلق سے جمع کی جاتی ہیں۔
شیل کی دیگر ویب سائٹیں یا ایپلی کیشنز رازداری کی ایسی پالیسیوں پر مشتمل ہو سکتی ہیں جو کہ اس رازداری پالیسی سے مختلف ہوں۔ یہ رازداری پالیسی شیل ریٹیل سائٹ منیجمنٹ کی اس ایپلی کیشن سے متعلق ہے۔ شیل کی ویب سائٹوں اور ایپلی کیشنز کا استعمال کرتے وقت, براہ کرم ان تمام ویب سائٹوں اور ایپلی کیشنز کی رازداری پالیسی کی جانچ کر لیں جنہیں آپ دیکھتے ہوں اور یہ نہ سمجھیں کہ اس رازداری پالیسی کا اطلاق شیل کی تمام ویب سائٹوں اور ایپلی کیشنز پر ہوتا ہے۔

اس ایپلی کیشن میں جمع شدہ ذاتی معلومات کا ذمہ دار کون ہے؟

شیل پاکستان لمیٹڈ پاکستان کے قانون کے تحت پاکستان میں ایک پبلک لمیٹڈ کمپنی ہے جس کا رجسٹرڈ دفتر شیل ہاؤس، 6 چوہدری خالق الزمان روڈ، کراچی میں ہے۔ اس ضمن میں ایک شمولیت سرٹیفیکیٹ نمبر2687 اسسٹنٹ رجسٹرار مشترکہ اسٹاک کمپنیز کراچی ریجن، کراچی کی جانب سے جاری کیا گیا ہے۔
<b>خصوصی نوٹس – عمر کی پابندی</b>
یہ ایپلی کیشن 13 سال سے کم عمر کے بچوں کے لئے نہیں ہے اور ہم جان بوجھ کر کسی بھی دیگر صورت میں 13 سال سے کم عمر کے بچوں کی ذاتی معلومات جمع, استعمال, فراہم یا پراسیس نہیں کریں گے۔
لہذا ہم آپ سے درخواست کرتے ہیں کہ اگر آپ کی عمر 13 سال سے کم ہے تو براہ کرم ہمیں اپنی ذاتی معلومات ارسال نہ کریں (مثال کے طور پر, اپنا نام, پتہ, اور ای میل پتہ)۔ اگر آپ کی عمر 13 سال سے کم ہے اور اس کے باوجود آپ کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں یا کسی ایسی صورت میں اس ویب سائٹ کا استعمال کرنا چاہتے ہیں جو آپ سے آپ کی ذاتی معلومات جمع کرانے کا مطالبہ کرتی ہے تو براہ کرم آپ اپنی طرف سے یہ کام اپنے ماں باپ یا سرپرست سے کروائیں۔

معلومات کی جمع آوری اور استعمال

وہ معلومات جو اس ایپلی کیشن کے ذریعہ جمع کی جا سکتی ہیں درج ذیل پر مشتمل ہیں:
- کوئی بھی ایسی معلومات جو آپ ایپلی کیشن کے استعمال کے دوران جمع یا فراہم کرتے ہیں؛
- آپ کے ذریعہ فراہم کردہ کوئی بھی ذاتی معلومات؛
- آپ جس کثرت سے ایپلی کیشن کا استعمال کرتے ہیں اور اس طرح کے استعمال کی نوعیت؛
- اس ڈیوائس کی نوعیت جس کا آپ استعمال کرتے ہیں؛
- اس جغرافیائی مقام کی تفصیلات جہاں آپ نے ایپلی کیشن ڈاؤن لوڈ کرنے کے بعد 'مقام کی خدمات' استعمال کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور ایپلی کیشن کے اپنے استعمال کے حصّہ کے طور پر مقام کی تفصیلات فراہم کی ہیں؛
- ایپلی کیشن کے استعمال کے تئیں آپ کے تجربہ سے متعلق آپ کی رائے۔

ہم اس ایپلی کیشن کے ذریعہ جمع شدہ اور / یا فراہم کردہ معلومات کا استعمال درج ذیل مقاصد کے لئے کرتے ہیں:
- اس ایپلی کیشن کے ذریعہ ان خدمات کی فراہمی کے لئے جن کی آپ کو پیش کش کی گئی ہے؛
- آپ کے ذریعہ بھیجے گئے سوالات یا درخواستوں کا جواب دینے کے لئے؛
- آپ کو فراہم کردہ کسی بھی اشیاء یا خدمات کے ساتھ مسائل کا اندازہ لگانے اور انہیں حل کرنے کے لئے؛

- مارکیٹ ریسرچ کو انجام دینے کے لئے؛ اور / یا
- ان مصنوعات یا خدمات کی تیار کرنے کے لئے جن سے شاید آپ کی ضرورتیں پوری ہوں۔

وہ تفصیلات جو آپ اپلی کیشن کے اندر جمع کرتے ہیں، ان کا استعمال رازداری کی اس پالیسی میں صراحت شدہ مقاصد کے علاوہ کسی دیگر مقصد کے لئے نہیں کیا جائے گا۔
سوائے اس کے کہ اس رازداری پالیسی میں صراحت ہو، ہم ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات کا اظہار آپ کی اجازت کے بغیر نہیں کریں گے، مگر یہ کہ ایسا کرنے کے لئے ہم قانونی طور پر مجبور یا مجاز ہوں (مثال کے طور پر، اگر ایسا کرنا قانونی کارروائیوں یا دھوکہ دہی یا دیگر جرم کی روک تھام کے مقاصد کے لئے ضروری ہو) یا اگر ہمیں یقین ہو کہ اس طرح کا اقدام ہمارے حقوق، جائداد یا ذاتی سلامتی اور دیگر استعمال کنندگان یا گاہکوں کی سلامتی کی حفاظت کے لئے ضروری ہے۔

فریق ثالث اور یورپی اقتصادی خطہ سے باہر منتقلی

کوئی بھی ایسی ذاتی معلومات جو ہمیں اس اپلی کیشن کے توسط سے فراہم کی جاتی ہیں انہیں شیل گروپ کے دیگر ممبران یا تھرڈ پارٹیوں کو فراہم یا منتقل کیا جا سکتا ہے، مگر صرف انہیں مقاصد کے لئے جن کی صراحت اس رازداری پالیسی میں کی گئی ہے (ہم کسی بھی ذاتی معلومات کو شیل گروپ کے باہر تھرڈ پارٹیوں کو اس لئے منتقل نہیں کریں گے کہ اس طرح کی تھرڈ پارٹیاں آپ کو فروخت کاری سے متعلق اطلاعات بھیجیں)۔ اس میں یورپی اقتصادی خطہ ("\EEA\") کے باہر ممالک کو ذاتی معلومات منتقل کرنا شامل ہے۔ مثال کے طور پر، اگر ہماری کوئی خدمت کبھی کبھار کسی ایسے EEA سے باہر ہو یا ہماری خدمت کا کوئی فراہم کنندہ کسی ایسے ملک میں واقع ہو جو کہ EEA ملک میں واقع ہو جو کہ جیسے نہ ہوں۔ اگر ہم آپ کی معلومات اس صورت EEA سے باہر ہو۔ ان ممالک میں ہو سکتا ہے معلومات کے تحفظ کے قوانین کے باہر منتقل کرتے ہیں تو ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات کریں گے کہ رازداری سے متعلق آپ کے حقوق کا EEA سے باہر ہیں EEA تحفظ جاری رہے۔ اس کے علاوہ، اگر آپ ہماری خدمت کا استعمال اس دوران کرتے ہیں جس میں کہ آپ سے باہر منتقل کی جا سکتی ہیں۔ EEA تو آپ کو یہ خدمات فراہم کرنے کے لئے آپ کی معلومات

چیٹ رومز، نوٹس بورڈز، نیوز گروپس

اگر کبھی یہ اپلی کیشن کسی چیٹ رومز، نوٹس بورڈز کی سہولیات، نیوز پیپر گروپس وغیرہ کی پیش کش کرتی ہے تو ہم ان معلومات کو جمع کر سکتے ہیں جو آپ ظاہر کریں گے۔ ان معلومات کا استعمال اس رازداری پالیسی کے تحت کیا جائے گا۔
براہ کرم نوٹ کر لیں کہ ہم دیگر پارٹیوں کے ذریعہ ان ذاتی معلومات کے استعمال کے لئے ذمہ دار نہیں ہو سکتے جنہیں آپ اس اپلی کیشن کے اندر ان تھرڈ پارٹیوں کو کسی چیٹ روم، نوٹس بورڈ، نیوز پیپر گروپ وغیرہ کے ذریعہ فراہم کریں گے۔
براہ کرم ان ذاتی معلومات سے متعلق محتاط رہیں جو آپ اس طریقہ سے ظاہر کرتے ہیں۔

ای میل، فیس بک اور فورم کی سہولتیں

اگر کبھی یہ اپلی کیشن کسی ای میل، فیس بک یا فورم کی سہولتوں کی پیش کش کرتی ہے تو ہم ان معلومات کو جمع کر سکتے ہیں جن کا آپ اظہار کریں گے۔ اس طرح کی معلومات کا استعمال اس رازداری پالیسی کے تحت کیا جائے گا۔

آپ کے ذاتی ڈیٹا کا تحفظ

ہم نے آپ کی رازداری کو غیر مجاز رسائی اور نا مناسب استعمال سے تحفظ فراہم کرنے کے مقصد سے ٹیکنالوجی اور پالیسیوں کا نفاذ کیا ہے اور ہم جو بھی موزوں ہوگا نئی ٹیکنالوجی دستیاب ہونے کی صورت میں ان کارروائیوں کو جدید ترین بنائیں گے۔
<b>آپ کی ان ذاتی معلومات کا استعمال جنہیں دیگر اپلی کیشنز یا ویب سائٹوں میں جمع کیا گیا ہو</b>
ہم دیگر اپلی کیشنز یا ویب سائٹوں کی رازداری کی پالیسیوں اور طور طریق کے لئے ذمہ دار نہیں ہو سکتے خواہ:

- آپ نے فریق ثالث کی اپلی کیشن یا ویب سائٹ تک رسائی ہماری اپلی کیشن کے لنکس کا استعمال کرتے ہوئے حاصل کی ہو؛ یا
- آپ کسی فریق ثالث کی اپلی کیشن یا ویب سائٹ کے ذریعہ ہماری اپلی کیشن سے جڑے ہوں۔

اگر آپ کے پاس کوئی تشویش یا سوالات ہوں تو ہماری صلاح ہے کہ آپ ہر اس اپلی کیشن یا سائٹ کی پالیسی کی جانچ کر لیں جس پر آپ جاتے ہیں اور اس طرح کی اپلی کیشن یا ویب سائٹ کے مالک یا آپریٹر سے رابطہ کریں۔

اس رازداری پالیسی میں تبدیلیاں

ہم اس رازداری پالیسی میں گاہے گاہے تبدیلیاں کر سکتے ہیں۔ اگر ہم اس رازداری پالیسی میں اور اس طریقہ میں کوئی بڑی تبدیلی کرتے ہیں جس کے مطابق ہم آپ کے ذاتی ڈیٹا کا استعمال کرتے ہیں تو ہم ان تبدیلیوں کو اس صفحہ پر نشر کریں گے اور اہم تبدیلیوں سے آپ کو مطلع کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔ براہ کرم ہماری رازداری پالیسی کی ہمیشہ جانچ کرتے رہیں۔

آپ ہم سے کس طرح رابطہ کر سکتے ہیں

اگر آپ ہماری رازداری پالیسی سے متعلق شیل سے رابطہ کرنا چاہتے ہیں تو براہ کرم SITI-MLM-Support@shell.com پر رابطہ کریں۔
}